اردو
URDU

# ہدایات

## قانون برائے تحفظ انفیکشنز کی دفعہ 43 پیرا گراف 1 نمبر 1 کے تحت ان اشخاص کے لئے جو کہ کھانے پینے کی اشیاء کے شعبے میں کام کرتے ہیں۔

بہت ساری کھانے پینے کی اشیاء میں ایک بیماری کے جراثیم بہت آسانی سے نشو ونما پا جاتے ہیں۔ اگر بیماری کے جراثیم کھانے میں شامل ہو جائیں تو یہ شدید بیماریوں کے پیدا ہونے کی وجہ بن جاتے ہیں۔ اگر اس قسم کی گندی کھانے کی اشیا بیچی جائیں یا ان ہوٹلوں میں اور بلڈنگوں میں مشترکہ طور پر پیش کی جائیں تو بہت بڑی تعداد میں انسان بیمار پڑھ سکتے ہیں۔

**اس صورت میں کہ ایک بڑا خطرہ اس بات کا موجود ہو کہ بیماری کے جراثیم آپ سے ان کھانوں میں شامل ہو سکتے ہیں۔ تو آپ کو کھانے پینے کی اشیاء کے شعبے میں کام کرنے کی اجازت نہ ہوگی**

## آپ کو کب کھانے پینے کی اشیاء کہ شعبے میں کام کرنے کی اجازت نہیں ہوگی؟

اگر آپ نیچے دی گئی بیماریوں میں سے **ایک بیماری میں مبتلا ہوں یا اس بات کا شک ہو**۔ کہ آپ ان بیماریوں میں سے ایک بیماری میں مبتلا ہیں۔ تو آپ کو کھانے پینے کی اشیاء کے شعبے میں کام کرنے کی اجازت نہ ہوگی:

- ☆ ٹائیفائیڈ، پیرا ٹائیفائیڈ، ہیضہ، شیگیلین رور، سالمونیلا اور دوسری اسہال کی ایک دوسرے کو لگنے والی بیماریاں۔
- ☆ ہیپا ٹائیٹس A یا ہیپا ٹائیٹس E
- ☆ اگر انفیکشن شدہ زخم یا جلدی بیماریوں کی وجہ سے بیماری کے جراثیم کھانے پینے کی اشیاء میں شامل ہو سکتے ہوں۔

## ان بیماریوں کی شناخت کیسے کی جاتی ہے؟

ایک ڈاکٹر ہی اس بات کا تعین کر سکتا ہے۔ کہ کیا آپ کو اوپر بیان کی گئی بیماریوں میں سے کوئی بیماری ہے۔ لیکن بیماری کی **خاص علامات** ہوتی ہیں۔ اور یہ **(علامات)** اس بیماری کی طرف اشارہ کرتی ہیں۔ اور ان کو زیادہ تر پہچاننا آسان ہوتا ہے۔ ان بیماریوں کی علامات نیچے دی گئی ہیں:

- ☆ **جلاب لگنا۔ (ایک دن میں تین دفعہ یا اس سے زیادہ پتلے پاخانے کا آنا)۔**
- ☆ **تیز بخار اور اس کے ساتھ سر کا بھاری ہونا۔ پیٹ میں درد کا ہونا۔ اور جوڑوں کا درد ہونا۔ جلاب لگنا یا قبض کا ہونا۔**
- ☆ **جلد اور آنکھوں کا پیلا ہو جانا۔ ہلکے رنگ کا پاخانہ آنا۔ پیشاب گہرے رنگ کا آنا۔**
- ☆ **جلد کی بیماریوں کی وجہ سے زخموں کا ہونا۔ یا جلد کا پھٹا ہوا ہونا۔ جو کہ سرخ رنگت رکھتے ہوں۔ چپکنے والا مادہ موجود ہو، گیلے ہوں اور ان میں سوجن ہو۔**

## اگر آپ خود اپنے اندر بیماری کی ایسی علامات کا تعین کریں۔تو آپکو کیا کرنا چاہیئے۔

**اگر آپ اپنے اندر ایک (یا ایک سے زیادہ) اوپر بتائی گئی بیماری کی علامات کا تعین کریں۔تو آپ کو کھانے پینے کے شعبے میں کوئی بھی کام کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔آپ کو لازماً ایک ڈاکٹر کے پاس جانا ہوگا! آپ کو اپنے ڈاکٹر کو بتانا ہوگا۔کہ آپ کھانے پینے کی برانچ میں کام کرتے ہیں۔اس کے علاوہ آپ کو اپنے مالک کو فوری طور پر اطلاع کرنی ہوگی!** اگر آپ اپنی بیماری کو جان بوجھ کر یا اپنی غیر ذمہ داری کی وجہ اپنے مالک کو اطلاع نہیں دیں گے۔**تو آپ کو پچیس سو یورو تک کا جرمانہ کیا جاسکتا ہے**۔یا آپ کو دو سال تک قید کی سزا ہوسکتی ہے۔اگر آپ کی بیماری کی وجہ سے انفیکشنوں کے پھیلنے کے خلاف بنائے گئے قانون کی دفعہ 6 پیراگراف 1 نمبر 1 کے تحت بیماریوں کے جراثیم دوسرے لوگوں تک پھیلیں گے۔یا انفیکشنوں کے پھیلنے کے خلاف بنائے گئے قانون کی دفعہ 7 کے تحت تو آپ کی قید کی سزا پانچ سال تک بڑھائی جاسکتی ہے۔

## ایک انسان بیماری کے جراثیم خارج کرسکتا ہے۔اس کے باوجود وہ اپنے آپ کو بیمار نہیں سمجھتا۔

ایک بیماری کے بعد ایک لمبے عرصے تک خاص قسم کے بیماری کے جراثیم پاخانے کے ساتھ خارج ہوسکتے ہیں۔حالانکہ بیماری کی کوئی علامات موجود نہیں ہوتیں:

- ☆ سالمونیلا بیماری کے جراثیم۔
- ☆ ہیضے کی بیماری کے جراثیم۔
- ☆ شیگیلن بیماری کے جراثیم۔پیٹ کے اندر جراثیم جن سے اسہال لگتے ہیں۔
- ☆ کولی بیماری کے جراثیم۔بڑی آنت میں پائے جاتے ہیں۔ان سے آنت میں خون جاری ہوسکتا ہے۔ایشیریشیا کولی کے جراثیم (EHEC)

ایک ڈاکٹر پاخانے کے معائنہ سے اس بات کا تعین کرسکتا ہے۔کہ کیا اس قسم کے جراثیم جسم سے خارج ہورہے ہیں۔**جب تک بیماری کے جراثیم پاخانے میں پائے جانے کا ثبوت موجود ہوگا۔تب تک آپ کو اوپر بتائے گئے کام کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔**

## آگر ایک انسان کے جسم سے بیماری کے جراثیم باہر نکل رہے ہوں۔یا اس میں بیماری کی علامات موجود ہوں۔تو کیا ایک انسان کو بلکل کام کرنے کی اجازت نہیں ہوگی؟

کام کرنے کی پابندی صرف کھانے پینے کی اشیاء کے شعبے میں ہوگی۔اس کا مطلب یہ ہے۔کہ آگر آپ کی صحت اجازت دے۔تو آپ کو دوسرے شعبوں میں کام کرنے کی اجازت ہوگی۔(مثلاً ایک دفتر میں)

## کھانے پینے کی اشیاء کے شعبے سے کیا مراد ہے؟

کھانے پینے کے شعبے سے مراد نیچے دیئے گئے کام ہیں۔

a) ہوٹلوں کے کچن میں کام کرنا۔اور دیگر بلڈنگوں میں کام کرنا۔جہاں اکھٹے کھانے کا انتظام ہو۔

b) کھلی ہوئی کھانے پینے کی اشیاء کی تیاری، اشیاء پر کام کرنا اور ان کو فروخت کرنا مثلاً دودھ، دودھ سے بنی ہوئی اشیاء، گوشت، مچھلی اور سلاد۔

c) آپ کو وہ کام بھی کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔جن میں جراثیم کی کھانے پینے کے لئے استعمال کی گئی اشیاء (مثلاً ان اشیاء کو دھونے سے) سے منتقل ہونے کا ڈر ہو۔

## آپ کس طریقے سے کھانے پینے کی اشیاء کو جراثیم سے بچانے میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں؟

آپ صفائی ستھرائی اختیار کر کے جراثیم کی ایک انسان سے دوسرے انسان میں منتقلی کو روک سکتے ہیں۔ یہ اس صورت میں ممکن ہوگا کہ آپ چند ایک سادہ سے اصولوں پر عمل کریں:

☆ کام شروع کرنے سے پہلے ہاتھ دھولیں۔ ہر ایک نئے کام سے پہلے ہاتھ دھولیں اور ہر دفعہ ٹوئیلیٹ سے واپس آنے پر ہاتھ دھولیں۔ اسی طرح کھانا کھانے سے پہلے اور کھانا کھانے کے بعد اچھی طرح سے مایا صابن سے جو کہ صابن ڈسپینسر میں سے ہو۔ دھولیں۔ آپ ہاتھ دھونے کے لیے بہتا ہوا پانی استعمال کریں۔ ہاتھ خشک کرنے کے لیے ایک دفعہ استعمال ہونے والا رومال استعمال کریں۔

☆ کام شروع کرنے سے پہلے اپنی انگوٹھیاں (شادی کی انگوٹھی بھی) اور ہاتھ کی گھڑیاں اتار دیں۔

☆ آپ صاف ستھرے حفاظتی کپڑے پہنیں۔

☆ کبھی بھی کھانے پینے کی اشیاء پر نہ تو کھانسی کریں اور نہ ہی چھینک لیں۔

☆ اپنے ہاتھوں اور بازوؤں پر چھوٹے زخموں کو ایسے پلاسٹر سے ڈھک دیں۔ جس سے پانی زخم میں نہ جا سکے۔

## مالک کے کونسے فرائض ہوتے ہیں؟

☆ آپ کے مالک کو آپ کو کھانے پینے کے شعبے میں صرف اس صورت میں کام پر لگانے کی اجازت ہوگی۔ جب آپ اسے محکمہ صحت کا ایک سرٹیفکیٹ پیش کریں گے۔

☆ اس کی ذمہ داری ہے کہ آپ کو کام شروع کرنے سے پہلے دوبارہ ہدایات بتائے۔ اور یہ ہدایات مہر کے ساتھ اور اس عورت / مرد کے دستخطوں کے ساتھ کھانے پینے کی اشیاء کے شناختی کارڈ میں درج کی جائیں۔ ہر دو سال کے بعد یہ ہی بات دوہرائی جائے گی۔

☆ آپ کے مالک کی طرف سے آخری ہدایات کا ثبوت سرٹیفیکیٹ کے ساتھ فرم کے اندر سنبھال کر رکھا جائے گا اور چیکنگ ہونے پر پیش کیا جائے گا۔